سوال نمبر 2419 منجانب: محترم سردار حسین بابک، ایم پی اے			
نمبرشمار	کیا وزیرٹرانسپورٹ ارشاد فرمائیں گے کہ	نمبرشمار	جواب
(الف)	بی آر ٹی سکیم کی کل کتنی لاگت ہے اس منصوبے کے لئے کتنا قرضہ کتنے عرصہ کے لئے لیا گیا ہے نیز اس کا مارک اپ ریٹ کتنا ہے اور منصوبے نے کب تک مکمل ہونا تھا مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔	(الف)	بی آر ٹی سکیم کا نظر ثانی شدہ PC-I جسکی منظوری ایگزیکٹیو کمیٹی آف نیشنل اکنامک کونسل ECNEC نے دی ہے، اسکی کل لاگت 66.437 بلین روپے ہے ،جس میں ADB/AFD کا حصہ 53.321 بلین روپے جبکہ حکومت خیبر پختونخواہ کا حصہ 13.116 بلین روپے ہے، اسکا مارک اپ ریٹ LIBOR 1.94% ہے جو 25 سال کے عرصے میں واجب الادا ہے جس میں 5 سال گریس پیریڈ بھی شامل ہے اور اس منصوبے کو 14 اگست 2017 کو مکمل ہونا تھا۔ منظور شدہ PC-I Revise کے مطابق اس منصوبے کی تکمیل کی تاریخ 30 جون 2019 تھی۔